
حج قدم بقدم



مرتب: مفتی منیر احمد

استاذ: جامعۃ معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)

فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

حج تمتع قدم بقدم

(یہ مختصر خلاصہ بہت مفید ہے موبائل میں رکھیں، پڑھتے جائیں، کرتے جائیں)

8ذی الحجہ (حج کا پہلا دن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
1	حج کی تیاری	8ذی الحجہ کی رات کو منیٰ جانے کی تیاری مکمل کریں۔
2	احرام کی تیاری	سر کے بال سنواریں، خط بنوائیں، مونچھیں کتریں، ناخن کاٹیں، زائد بال صاف کریں۔ حج قران اور حج افراد والے پہلے سے احرام میں ہیں، ان کے لیے تیاری کی ضرورت نہیں۔
3	غسل	حج تمتع والے احرام کی نیت سے غسل کریں ورنہ وضو کریں۔
4	احرام کی چادریں	مرد: ایک سفید چادر باندھیں، دوسری اوڑھیں اور ہوائی چپل پہنیں۔ خواتین: عام حالت میں جو لباس پہنتی ہیں وہی پہنیں۔

8ذی الحجہ (حج کا پہلا دن)

تفصیل	کام	نمبر شمار
حج تمتع والے ایک نفلی طواف کریں ورنہ اگر مکروہ وقت نہ ہو تو مرد حرم شریف میں آکر احرام کی نیت سے دو رکعت نفل سر ڈھک کر ادا کریں۔ خواتین گھر میں یہ نفل پڑھیں	نفل نماز	5
حج تمتع والے اپنا سر کھول کر اس طرح نیت کریں: اے اللہ! میں حج کی نیت کرتا/کرتی ہوں، اس کو میرے لیے آسان فرما دیجیے اور قبول فرمالیجیے، آمین۔ پھر فوراً تلبیہ کہیں اور دعا کریں۔	نیت اور تلبیہ	6
احرام کی پابندیاں شروع ہو گئی، ان کی تفصیل تازہ کریں۔	احرام کی پابندیاں	7
طلوع آفتاب کے بعد منی روانہ ہوں اور راستہ بھر زیادہ سے زیادہ تَلْبِیہ اور دیگر تسبیحات پڑھیں۔	منی روانگی	8
منی میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور 9 ذوالحجہ کی فجر کی نماز ادا کریں۔	منی میں	9

احیاء علوم نبوّت IUN

9 ذی الحجہ (حج کا دوسرا دن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
1	عرفات روانگی	نماز فجر منیٰ میں ادا کریں، تکبیر تشریق کہیں اور تیاری کر کے زوال ہونے پر عرفات پہنچ جائیں۔ یاد رہے کہ تکبیر تشریق 9 ذی الحجہ کی فجر سے 12 ذی الحجہ کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد پڑھنی ہے۔
2	غسل	غسل کریں ورنہ وضو کریں اور کھانے وغیرہ سے فارغ ہو جائیں اور کچھ دیر آرام کریں۔
3	وقوف عرفات	زوال ہوتے ہیں وقوف عرفہ شروع کریں اور شام تک تلبیہ، توبہ واستغفار، چوتھا کلمہ پڑھنے اور الحاح وزاری میں گزاریں اور وقوف عرفہ کھڑے ہو کر کرنا افضل ہے اور بیٹھ کر بھی جائز ہے۔ ظہر اور عصر کی نماز اپنے اپنے اوقات میں اذان واقامت کے ساتھ باجماعت ادا کریں۔
4	مزدلفہ روانگی	جب عرفات میں سورج ڈوب جائے تو مغرب کی نماز پڑھے بغیر ذکر و تلبیہ پڑھتے ہوئے مزدلفہ روانہ ہو جائیں، یاد رہے سورج ڈوبنے سے پہلے عرفات سے نکلنا جائز نہیں ورنہ دم واجب ہو گا۔

9ذی الحجہ (حج کادوسرادن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
5	مغرب اور عشاء کی نماز	مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ملا کر عشا کے وقت میں ایک اذان اور اقامت کے ساتھ ادا کریں۔ پہلے مغرب کی نماز باجماعت ادا کریں پھر تکبیرات تشریق اور تلبیہ کہیں،اس کے فوراً بعد عشاء کی نماز باجماعت ادا کریں۔اس کے بعد مغرب کی دو سنت پھر عشاء کی دو سنت اور وتر پڑھیں۔
6	ذکر ودُعا	یہ بڑی مبارک رات ہے اس میں ذکر، تلاوت، درود شریف پڑھیں، تلبیہ کہیں اور خوب دعا کریں، اور کچھ دیر آرام بھی کریں۔
7	کنکریاں	بڑے چنے کے برابر ستّر کنکریاں فی آدمی چُنیں۔
8	نماز فجر اور وقوف	صبح صادق ہونے پر اذان دے کر، سنت پڑھ کر فجر کی نماز باجماعت ادا کریں اور وقوف مزدلفہ کریں۔
9	منٰی واپسی	جب سورج نکلنے والا ہو تو منٰی روانہ ہو جائیں۔

10 ذی الحجہ (حج کا تیسرا دن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
1	جمرہ عقبہ کی رمی	منیٰ پہنچ کر جمرہ عقبہ پر 7 کنکریاں الگ الگ ماریں۔ (جان کا خطرہ ہو تو شام کو یا رات میں کنکریاں مارنا مناسب ہے)
2	تلبیہ بند	جمرہ عقبہ کو کنکری مارتے ہی تلبیہ بند کر دیں اور دعا کے لیے نہ ٹھہریں، اس کے بعد قربانی کریں۔
3	قربانی	قربانی کے تین دن 10، 11، 12، ذی الحجہ مقررہ ہیں۔ دن یا رات میں جب چاہیں قربانی کریں۔ حج قران والوں کے لیے واجب ہے حج افراد والوں کے لیے مستحب ہے۔
4	حلق یا قصر	قربانی سے فارغ ہو کر مرد اپنا سر منڈوائیں۔ خواتین انگلی کے پورے سے کچھ زیادہ پوری چوٹی کے اتنے بال کاٹ دیں کہ اس میں کم از کم چوتھائی سر کے بال کٹنے کا پکا یقین ہو جائے۔

10ذی الحجہ (حج کا تیسرا دن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
5	طواف زیارت	طواف زیارت کریں، اس کا وقت 10 سے 12 ذی الحجہ کے غروب آفتاب تک ہے، دن میں یا رات میں جب چاہیں کریں، عموماً 11 ذی الحجہ کو آسانی رہتی ہے۔ اور طواف باوضو ضروری ہے۔ اگر طواف قدوم یا نفلی طواف کے بعد سعی کر چکے ہوں تو اس طواف رمل نہیں ہوگا اور اگر احرام کھول کر سلے ہوئے کپڑے پہن لیے ہوں تو اضطباع بھی نہیں ہوگا۔
6	حج کی سعی	اس کے بعد سعی کریں، باوضو کرنا سنت ہے۔ اگر طواف قدوم یا نفلی طواف کے بعد سعی کر چکے ہوں تو اب یہ سعی نہ کریں۔
7	منیٰ واپسی	سعی سے فارغ ہو کر منیٰ آجائیں اور رات منیٰ ہی میں بسر کریں۔

11 ذی الحجہ (حج کا چوتھا دن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
1	جمرات کی رمی	11 تاریخ کو زوال کے بعد تینوں جمرات پر 7،7 کنکریاں مارنی ہیں
2	جمرا اولی اور دعا	جمرہ اولی پر 7 کنکریاں مار کر ذرا سا آگے بڑھ کر قبلہ رو ہو کر اور ہاتھ اٹھا کر حمد و ثنا کر کے جو چاہے دعا کریں، کوئی خاص دعا ضروری نہیں ہے۔
3	جمرہ وسطیٰ اور دعا	جمرہ وسطی پر 7 کنکریاں ماریں اور قبلہ رو ہو کر اور ہاتھ اٹھا کر حمد و ثنا کر کے جو چاہے دعا کریں، کوئی خاص دعا ضروری نہیں ہے۔
4	جمرہ عقبہ	جمرہ عقبہ پر 7 کنکریاں ماریں اور رمی کے بعد بغیر دعا کیے اپنی جگہ واپس آجائیں۔
5	ذکر و عبادت	قیام گاہ میں آکر تلاوت، ذکر اللہ، توبہ واستغفار اور دعا میں مشغول رہیں اور گناہوں سے دور رہیں۔

12ذی الحجہ (حج کا پانچواں دن)

نمبر شمار	کام	تفصیل
1	جمرات کی رمی	تینوں جمرات کو زوال کے بعد 7،7 کنکریاں ماریں۔
2	جمرا اولی اور دعا	جمرہ اولی پر 7 کنکریاں مار کر ذرا سا آگے بڑھ کر قبلہ رو ہو کر اور ہاتھ اٹھا کر حمد و ثنا کر کے خوب دعا کریں۔
3	جمرہ وسطیٰ اور دعا	جمرہ وسطی پر 7 کنکریاں ماریں اور قبلہ رو ہو کر اور ہاتھ اٹھا کر حمد و ثنا کر کے جو چاہے دعا کریں، کوئی خاص دعا ضروری نہیں ہے۔
4	جمرہ عقبہ	جمرہ عقبہ پر 7 کنکریاں ماریں اور رمی کے بعد بغیر دعا کیے اپنی جگہ واپس آجائیں۔
5	اختیار	آج کی رمی کے بعد اختیار ہے، منیٰ میں مزید قیام کریں یا مکہ مکرمہ آجائیں۔
6	طواف وداع	حج کے بعد جب مکہ مکرمہ سے وطن واپسی کا ارادہ ہو تو طواف وداع واجب ہے۔